P.R.NO.08/2025

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

اے پی پی کے وفد کا وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کا دورہ

سال 2024ء میں شکایات کے ازالے میں ریکارڈ اضافہ ہوا۔ وفاقی محتسب

اسلام آباد (18 فروری 2025ء) ایسوسی ایٹڈ پریس آف پاکستان کارپوریشن (اے پی پی سی) کے ایک وفد نے گزشتہ روز وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کا مطالعاتی دورہ کیا۔ یہ دورہ وفاقی محتسب کے بارے میں عوامی آگاہی پیدا کرنے کی کوششوں کا حصہ تھا۔ اے پی پی کے دورے پر آئے ہوئے وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے سیکرٹری وفاقی محتسب سیکرٹریٹ، سید آصف شاہ نے کہا کہ وفاقی محتسب کا ادارہ میڈیا کو ایک اہم اسٹیک ہولڈر سمجھتا ہے جو وفاقی محتسب کا پیغام عام لوگوں تک مؤثر طریقے سے پہنچا سکتا ہے۔ اس موقع پر وفاقی محتسب کے ایڈوائزر انوسٹی گیشن، ایڈوائزر عمل درآمد اور ایڈوائزر میڈیا بھی موجود تھے جب کہ اے پی پی سی کے وفد میں رب نواز باجوہ، ڈائریکٹر، وی این ایس اور عبدالقدوس، چیف ایڈیٹر، وی این ایس شامل تھے۔ وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کے سینئر افسران نے بریفنگ کے دوران وفد کو بتایا کہ یہ ادارہ ہر سال ملک کے لاکھوں شکایت کنندگان کو ریلیف فراہم کر رہا ہے۔ سال 2024ء میں، وفاقی محتسب کو ریکارڈ تعداد میں عوامی شکایات موصول ہوئیں، جن کی تعداد 226,373 تھی، جب کہ 223,198 شکایات کے فیصلے کئے گئے جو کہ سال 2023ء کے مقابلے میں بالترتیب 17 فیصد اور 16 فیصد اضافہ زیادہ ہیں۔ وفد کو بتایا گیا کہ باہمی تنازعات کو نمٹانے کے غیر رسمی پروگرام (آئی آر ڈی)، آؤٹ ریچ کمپلینٹ ریزولوشن (OCR)، کھلی کچہریوں کے انعقاد اور ٹیکنالوجی کے زیادہ استعمال جیسے اقدامات سے ادارے کی رسائی اور پہنچ میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ سال 2024ء کے دوران ادارے کی ایک اور اہم کامیابی اس کے فیصلوں پر موثر عمل درآمد ہے جو کہ 2023ء کے دوران 85.70 فیصد سے بڑھ کر 93.21 فیصد ہو گیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ ادارہ ملک کے 24 بڑے شہروں میں خدمات فراہم کر رہا ہے اور ہیڈ کوارٹر اسلام آباد سمیت تقریباً پورے ملک کا احاطہ کیا گیا ہے۔ وفاقی محتسب کے بین الاقوامی کردار کا تذکرہ کرتے ہوئے بتایا گیا کہ وفاقی محتسب انٹرنیشنل اومبڈسمین انسٹی ٹیوشن (IOI) کا فعال رکن ہے، جب کہ ایشیاء میں محتسبین کی 47 رکنی تنظیم ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشین (اے او اے) کی صدارت کے لئے پاکستان کے محتسب کا بلا مقابلہ انتخاب پاکستان کے لئے ایک بہت بڑا اعزاز ہے۔ بریفنگ کے بعد سوال/ جواب کا سیشن ہوا۔ وفد کے ارکان نے وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ اور اس کے علاقائی دفاتر کے کام اور آپریشنز میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا اور وفاقی محتسب کے کردار کو سراہتے ہوئے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ وفاقی محتسب کی طرف سے بدانتظامی سے نمٹنے سے ملک میں اچھی حکمرانی اور قانون کی بالادستی قائم کرنے میں مدد ملے گی۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

18 فروری 2025ء